تعالیٰ سب سے بڑا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ غالب ہے اور
بڑی بزرگی والا ہے اور اس چیز سے جس سے میں
خوف کرتا ہوں اور ڈرتا ہو بہت بڑا ہے' تیرا ساتھی
غالب ہے اور اے اللہ تیری ثناء بڑی ہے اور
تیرے سوا کوئی معبود نہیں' اے اللہ تیری پناہ چاہتا
ہوں اپنے نفس کے شر سے ہر شیطان سرکش عناد
کرنے والے سے۔ میں اگر وہ پھر جاویں تو تو کہہ کہ
مجھے میرا اللہ کافی ہے نہیں کوئی عبادت کے لائق
مگر وہی اللہ تعالیٰ اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور
وہی بڑے عرش کا رب ہے۔ بے شک میرا دوست
اللہ ہے جس نے نازل کیا کتاب کو اور وہی نیک
لوگوں کو دوست ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ
وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ اِنَّ
وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ
یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ○

ترجمہ : میں حفاظت چاہتا ہوں اللہ کے نام سے اپنے نفس پر اور اپنے دین پر۔ میں حفاظت چاہتا ہوں اللہ کے نام سے اپنے گھر والوں پر اپنے مال پر اور اپنی اولاد پر۔ میں حفاظت چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے اس چیز پر جو اللہ تعالیٰ نے مجھ کو عطا کی۔ اللہ تعالیٰ میرا رب ہے اس کے ساتھ میں کسی کو شریک نہیں کرتا اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِىْ وَدِيْنِىْ بِسْمِ اللّٰهِ
عَلٰى اَهْلِىْ وَمَالِىْ وَوَلَدِىْ بِسْمِ اللّٰهِ
عَلٰى مَآ اَعْطَانِىَ اللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَآ اُشْرِكُ
بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ
وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ
عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَآ اِلٰهَ
غَيْرُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ
نَفْسِىْ وَمِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ كُلِّ
جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

دعائے سیدنا انس بن مالک رضؓ

فضیلت : علامہ سیوطیؒ نے لکھا ہے کہ جب حضرت انسؓ کا وقت قریب آیا تو حضرت انسؓ نے اپنے ایک خادم کو بلایا جس نے آپ کی دس سال تک خدمت کی تھی۔ اس سے فرمایا کہ میں نے دس سال حضور اکرمؐ کی خدمت کی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ دعا سکھلائی تھی جس کی برکت سے میں دنیا کی ساری آفتوں سے محفوظ رہا۔ چونکہ تو نے بھی میری دس سال خدمت کی ہے لہذا میں تجھے وہ دعا سکھلاتا ہوں۔ پھر حضرت انسؓ کے خادم نے یہ دعا دوسرے لوگوں کو بتلائی۔

اس دعا کو یاد کر لیں یا دیکھ کر روزانہ پڑھ لیا کریں اور بالخصوص جب کسی ظالم سے خطرہ لاحق ہو تو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد سات سات بار یہ دعا پڑھیں۔ دشمن خواہ کتنا برا یا بڑا کیوں نہ ہو اس کے ضرر سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گے اور عام حالات میں اس کو پڑھتے رہنے سے بفضلہٖ تعالیٰ ہر قسم کی آفات اور بلاؤں سے نجات جان، مال، اولاد اور ایمان کی حفاظت، مال کی ترقی اور زیادتی، ایمان کی ترقی اور شیطان کے حملوں سے محفوظ اور ہر مقام پر عزت و آبرو بڑھے گی۔